تمام دینداروں کو متحد و متفق فرما اور دین کے لئے جاں فروشی کا جذبہ بیدار فرما۔ آمین یا رب العالمین ٥

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بہ عشق ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

(عبدالسلام، ناظم آباد، کراچی)

"الحق" کے اہداف، مضامین اور تاثرات

★ برادر محترم مولانا عبدالقیوم حقانی نے الحق (جنوری ۱۹۸۹ء) میں جو اداریہ تحریر فرمایا وہ بھی ہمارے لیے مشعلِ راہ ہے، دل کی آواز کے طور پر (ماہنامہ اقراء ڈائجسٹ کے نقشِ آغاز میں اس کو شامل کیا جا رہا ہے۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی طرف سے جو علماء کنونشن کا اعلان ہوا تھا اس کی افادیت کے پیشِ نظر اسے عام کر دیا گیا۔ اب یہ اجلاس تمام مسالک دیوبندی، بریلوی اور اہلحدیث علماء کرام کی جانب سے ۲۷ فروری کو منعقد کیا جا رہا ہے جس میں آئندہ کیلئے لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔ علماء کرام سے درخواست ہے کہ وہ اختلافات فروعی کو بالائے طاق رکھ کر اس اجلاس میں شریک ہوں اور ۲۷ فروری کو اس منکر کے خلاف جو جہاد کا اعلان ہو اس میں شریک ہو کر عنداللہ فلاح و کامیابی حاصل کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس عذاب سے فوری نجات عطا فرمائے اور اس جہاد میں ہمیں استقامت اور فتح عطا فرمائے (اقراء ڈائجسٹ، فروری ۱۹۸۹ء)

(حضرت مولانا) مفتی ولی حسن (مفتیٔ اعظم پاکستان)

★ "الحق" کے شمارہ جنوری ۸۹ء میں آپ کی اداریہ تحریر ملکی سطح پر تمام سیاسی اور اہم امور کو محیط ہے، اس جامعیت کو برقرار رہنا چاہئے۔ عورت کی سربراہی اور لادینیت و مرزائیت کے خلاف تحریک کے کام کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ رفتہ رفتہ یہ گاڑی رفتار پکڑ جائے گی ان شاء اللہ۔ (مولانا) محمد ازہر، مدیر ماہنامہ الخیر۔ ملتان

★ "الحق" کا تازہ شمارہ موصول ہوا۔ حالات و واقعات سے آگاہی ہوئی۔ الحق کے تازہ شمارہ میں عورت کی سربراہی پر زوردار اداریہ اور مولانا سمیع الحق کا گراں قدر مقالہ پڑھا۔ آپ نے بروقت انتباہ فرمایا اس میں کوئی شک نہیں کہ عورت کا تسلط عذاب الٰہی کی ایک شکل ہے۔ ہماری بداعمالیوں کی بدولت عورت اور وہ بھی بے نظیر ہم پہ مسلط ہوئی۔ اجتماعی طور پر تگ و دو اور جد و جہد کی سخت ضرورت ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اللہ کے حضور استغفار اور دعاؤں کی بھی اشد ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ بحرمت النبی الکریم ہم پر رحم فرمائے۔ آمین

قاضی عبدالحمید فاروقی تلہ گنگ مبلغ تحریک خدام اہلسنت والجماعت

★ الحق کے تازہ شمارے کے مضامین دیکھ کر یقین ہو گیا ہے کہ الحمد للہ اس پرفتن دور میں ایسے علماء موجود ہیں جو ببانگ دہل بغیر کسی خوف کے دشمن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر حق بات کہتے ہیں۔

الحق کے مضامین اور حق گوئی پوری امت کے لئے سرمایہ افتخار ہے۔ (مولانا) احتشام الحق ملازئی۔ ڈیرہ اسمٰعیل خان

★ الحق کا تازہ اداریہ صرف سلاست و شگفتگی، منفرد اسلوب نگارش اور ادب کی پختگی کا آئینہ دار ہی نہیں بلکہ فکر و نظر کی گہرائی کا غماز بھی ہے۔ اداریہ کے مضمون میں آپ نے حق ادا کر دیا ہے۔ (قاضی) عبدالحلیم حقانی۔ کراچی)